# نفرت افسانہ



ڈاکٹر نذیر مشتاق

چاند اپنے جوبن پر تھا، ستارے جھلملا رہے تھے، جنگل میں درختوں کے پتے ہلکی ہلکی ہوا سے ہل رہے تھے۔ جنگل کے بادشاہ شیر ببر نے آج رات جنگل میں بسنے والے تمام پرندوں، درندوں اور چرندوں کا اجلاس بلایا تھا۔ جنگل میں رہنے والے تمام جاندار حاضر تھے۔ ہر کوئی جانتا تھا کہ آج شیر دو ٹانگوں پر چلنے والے آدم کے متعلق کچھ خاص باتیں سنانے والا تھا۔ وہ سب بے صبری سے انتظار کر رہے تھے کہ اچانک شیر آگیا۔ ہر کوئی اُس کے احترام میں کھڑا ہوا۔ شیر ایک بہت بڑے درخت کی ایک موٹی شاخ پر چڑھا اور جنگل کے باسیوں سے مخاطب ہوا۔ میرے پیارے ساتھیو! آج میں آپ سبھوں سے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ہماری بستیوں سے دور دو ٹانگوں پر چلنے والے عجیب وغریب جانور رہتے ہیں۔ وہ اپنے آپ کو انسان کہتے ہیں۔ وہ بہت ہی خطرناک اور خونخوار ہیں۔ وہ ایک دوسرے پر ظلم ڈھاتے ہیں۔ ایک دوسرے کو لوٹتے ہیں۔ ایک دوسرے کا خون چوستے ہیں۔ ایک دوسرے کی گردنیں کاٹتے ہیں۔ ایک دوسرے کا خون بہاتے ہیں۔ یعنی وہ سب کچھ کرتے ہیں جو ہم نہیں کرتے۔ کئی روز قبل میں نے جو کچھ اپنی آنکھوں سے دیکھا وہ سُن کر تم سب حیران ہوجاؤ گے۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ اُن آدم زادوں کا عبرتناک قصہ کیسے سناؤں لیکن تم سب کو خبردار کرنا میرا فرض بنتا ہے۔ اپنے آپ کو انسانوں سے بچاؤ اُن کو اس بستی میں داخل مت ہونے دو کیونکہ اُن کے یہاں آنے سے ہماری بستی گندی ہوجائے گی۔ یہ جنگل آلودہ ہوگا۔ بہر حال اب میں وہ منظر بیان کروں گا، جو میں نے دیکھا۔ کچھ روز قبل میرے دل میں ایک خیال پیدا ہوا۔ میں نے سوچا کہ میں اپنے خاندانی بزرگوں کی طرح آدم خور شیر بن جاؤں اور اس طرح اپنے آباء واجداد کا نام روشن کروں۔ اس لئے میں ایک ایسی جگہ چلا گیا جہاں میں آدم زاد کا شکار کر کے یعنی اس کا پورا خون چوس کر آدم خور کے نام سے مشہور ہوجاؤں۔ میں ایک جھاڑی میں چھپ کر آدم زاد کا انتظار کرنے لگا۔ کچھ وقت گزرنے کے بعد میں نے دیکھا کہ ایک عورت اور چار نوجوان ایک کمسن اور معصوم لڑکی کو گھسیٹ رہے تھے۔ انہوں نے لڑکی کے کپڑے پھاڑ ڈالے۔ اُسے مکمل ننگا کیا اور پھر چاروں نوجوانوں نے ایک ایک کر کے اُس کے پاک جسم کے ساتھ ناپاک کھیل کھیلا۔ وہ چلاتی مگر کیسے، اُس کا تو منہ بند کیا گیا تھا۔ وہ درد سے تڑپ کر ہاتھ پیر ہلاتی مگر اُن ظالموں نے اُس کے ہاتھ پیر رسیوں سے باندھ رکھے تھے۔ جنگل کے باسیوں میں ایک عجیب سی خاموشی چھا گئی۔ پھر اچانک انہوں نے یک زبان ہوکر آوازیں نکالیں ہُر، ہُر، ہُر۔۔۔ ہُر (شرم، شرم، شرم)۔۔۔

خاموش۔۔۔ خاموش رہیئے۔

شیر گرجا۔

ابھی اور سُنو۔۔۔ جب وہ لڑکی نیم بے ہوشی کی حالت میں کراہ رہی تھی تو ایک نوجوان نے گرم گرم لوہے کی سلاخ سے اُسکی دونوں آنکھیں نکال دیں۔ وہ چلاتی رہی اتنی دیر میں ایک اور نوجوان نے کچھ پانی جیسا محلول اُس کی ٹانگوں پر چھڑکا، جس سے اُس کی ٹانگوں کا سارا گوشت جل گیا اور ہڈیاں صاف نظر آنے لگیں۔ پھر اُس بدذات اور کمینی عورت نے ایک تیز دھار والی کلہاڑی سے اُس کا سر تن سے الگ کر دیا۔ شیر کی سانس پھولنے لگی۔ مجموعے سے ہُر، ہُر، ہُر۔۔۔ ہُر کی صدائیں بلند ہوتی رہیں۔ شیر نے ایک لمبی سانس لی اور چند لمحے خموشی کے بعد کہا۔

"آج کے بعد آدم زاد نظر آئے، تو اُس کو پکڑ کر اسکا گلا دبا دیا جائے اور پھر کسی دور دراز سڑک پر اُس کی لاش پھینک دی جائے۔ جنگل کے اندر آدم زاد کا گندا خون نہ بہایا جائے۔ آج سے ہم سب پر آدم زاد کا گوشت اور خون حرام ہے۔ میرا بس چلتا تو آدم زاد کو نیست و نابود کرتا مگر کیا کروں وہ ہم سے زیادہ طاقتور ہیں۔۔۔ کیا کریں ہم۔۔۔"

اچانک سامعین میں ایک بوڑھی لومڑی کھڑی ہوگئی اور شیر سے مخاطب ہوکر بولی

"ہم اُن کو نیست و نابود کر سکتے ہیں انہیں ایسا سبق سکھا سکتے ہیں کہ وہ مرتے دم تک یاد کریں گے۔"

"وہ کیسے؟" شیر نے خوش ہوکر پوچھا۔

"بادشاہ سلامت آدم زاد جتنے طاقتور ہیں اتنے ہی وہ کمزور ہیں۔۔۔ ہم ایسا کریں گے کہ ہمارے جنگل کے شمالی ویران حصے میں چمگادڑوں کی بستی ہے وہاں سے چمگادڑوں کو آدم زادوں کی بستی میں بھیجیں گے۔ ان چمگادڑوں میں ایک زہر ہوتا ہے، جب یہ آدم زادوں کی بستی میں پہنچ جائیں گے تو وہ زہر ہر طرف پھیل جائے گا اور آدم زاد متاثر ہوکر مرنے لگیں گے۔

شیر خوش ہوا۔۔۔ اُس نے چمگادڑوں کے سردار سے کہا کہ وہ کل ہی ہزاروں چمگادڑیں لے کر آدم زاد کی بستیوں میں جائے اور وہاں اپنا زہر پھیلائے تاکہ آدم زاد کی ہلاکت کا سبب بنے۔ اس کام کی نگرانی بی لومڑی کریں گی۔ اسی کے ساتھ آج کی نشست برخواست ہوئی۔ دوسری نشست تب ہوگی جب چمگادڑوں کا سردار ہمیں خوش خبری سنائے گا۔

ایک ماہ بعد بی لومڑی نے شیر سے کہا کہ وہ دوبارہ اجلاس بلائے۔ اجلاس بلایا گیا تو بی لومڑی نے اپنی تقریر میں کہا "آدم زاد پریشان ہے، زار و قطار رو رہا ہے۔ ایک کثیر آبادی والے علاقے سے چمگادڑوں کے جسم سے نکلے ہوئے زہر نے ہر طرف تباہی مچا دی ہے۔ آدم زاد بے بس ہے اور لاکھوں آدم زاد مر رہے ہیں، ہر طرف افراتفری ہے۔ پوری دنیا میں سکوت اور بے چینی ہے۔ آدم زاد ڈرے اور سہمے ہوئے ہیں۔۔۔ اب وہ پریشان ہیں کہ اس زہر کا مقابلہ کیسے کیا جائے؟

شیر خوش ہوا۔۔۔ اور بی لومڑی کو انعام دینے کا وعدہ کیا۔ چمگادڑوں کا شکریہ ادا کیا گیا اور اُن چمگادڑوں کی یاد میں پانچ منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی جو اس معرکے میں کام آئے تھے۔۔۔ شیر ببر نے سب کا شکریہ ادا کیا۔ اسی وقت کسی طرف سے گولیاں چلنے کی آوازیں آنے لگیں۔ جنگل کے باسی گھبرا گئے اور اجلاس میں کھلبلی سی مچ گئی، وہ ادھر اُدھر بھاگنے لگے۔ اچانک شیر دھاڑنے لگا "خبردار جو کوئی اپنی جگہ سے ہلا"۔

گولیاں چل رہی تھیں، شیر نے مسکراتے ہوئے اپنے ساتھیوں سے کہا یہ گولیاں وہ ہمارے لئے نہیں چلا رہے ہیں۔ وہ زمانہ گیا جب وہ ہمارا شکار کرتے تھے اب وہ ایک دوسرے کا شکار کرتے ہیں۔ یہ گولیوں کی آوازیں جو آرہی ہیں، آدم زاد کے دو دھڑوں کے درمیان جنگ ہو رہی ہے، ایک دوسرے کو موت کے گھاٹ اتار رہے ہیں۔ تم سب بے فکر ہو کر اپنی اپنی جگہ بیٹھ کر ان کا تماشہ دیکھو کیونکہ انکی بڑی طاقتیں چمگادڑوں کی اس چڑھائی، جس نے ساری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے، کے لئے ایک دوسرے کو ذمہ دار ٹھہرا رہے ہیں۔ یہ سب ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کا جوش ہے۔۔۔ ہا۔۔۔ ہا۔۔۔ ہا۔۔۔ ہا۔۔۔

شیر ببر زور زور سے ہنسنے لگا اور اس کی ہنسی میں جنگل کے سبھی باسی شریک ہوئے۔ ایک طرف گولیوں کی گھن گرج سے جنگل دہل رہا تھا اور دوسری جانب جنگل کے باسیوں کے قہقہے گونجنے لگے۔

# سکون کی تلاش افسانہ



واجدہ تبسم گورکو

شادی کے کچھ سال بعد ہی اس نے میرے لئے چاروں طرف کے ماحول کو ویران کر کے رکھا تھا۔ میں اندر ہی اندر خاموشی کے کڑوے گھونٹ پی رہی تھی۔ مسئلہ ایک ہو تو سلجھایا جا سکتا ہے مگر جہاں کئی مسئلے کھڑے کئے گئے ہوں۔ وہاں گذارا کرنا مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن بھی ہو جاتا ہے۔ مجھے اپنے گھر والے کئی بار بول چکے تھے کہ انہیں میں اپنی مشکل بتاؤں تاکہ کوئی حل نکل آئے مگر میں نے انہیں بھی کبھی کچھ نہیں بتایا۔

پچھلے چار مہینوں سے میں، میں اب اپنے میکے میں ہی ہوں کیونکہ اس نے مجھ سے لڑائی جھگڑا کر کے گھر سے نکالا تھا۔ اب جس میرے اپنے نے میرے سامنے اپنا اعتماد کھو دیا تھا۔ اس کی بات میں اپنے گھر والوں کو بھی بتا نہ سکی۔ میں نے صرف اتنا فیصلہ لیا تھا کہ میں اسے کنارہ کش ہو جاؤں مگر پھر بھی نہ جانے کیوں کوئی اُمید باقی تھی۔

پھر اسی اُمید نے مجھے ایک دن اچانک چونکا دیا۔ وہ بہار کی طرح میری امیدوں اور امنگوں میں اُبھر آیا۔ مجھ سے ملا۔ قسمیں کھائی۔ وعدے کئے کہ دوبارہ کبھی ایسا نہیں ہوگا۔ تب مجھے لگا کہ اس نے سب اگلا پچھلا، گیا گذرا، درگزر کیا ہوگا۔ میں نے بھی اپنے آپ کو سمجھایا۔ میرے خدشات بھی صحیح معنوں میں اس کے اپنانے سے دور ہو گئے۔ میں قیاس کر رہی تھی کہ شاید انسانوں کے بارے میں میری سوچ غلط ہے۔

اب میں مسئلوں میں پڑنا نہیں چاہتی تھی مگر ڈری ڈری، سہمی سہمی اور گھبرائی گھبرائی سی ضرور رہتی تھی۔ وہ بھی اس لئے کہ کہیں کسی بھول چوک سے ہمارے درمیان دوبارہ تلخیاں پیدا نہ ہوں۔ اس لئے میں ہر دم اپنے کام میں مصروف رہنے لگی، بہت خاموشی اور بڑی شرافت کے ساتھ، یہاں تک کہ اس نے اپنی کام والی بائی کی بھی چھٹی کر دی۔ اس طرح ہمارے لئے بھی سب کی چیخیں چلانا، گالی گلوچ کرنا اور برا بھلا وغیرہ کہنا تقریبا بند ہو گیا۔

دن گزرتے گئے۔ اگلا پچھلا جو کچھ بھی ہوا تھا۔ وہ سب تلخیاں، لڑائی جھگڑے، بھول چوک، گالی گلوچ، طعنے، گلے شکوے، سب بھول چکی تھی اور سب کچھ صحیح صحیح ہو رہا تھا کہ اچانک جیسے پھر کسی کی نظر لگ گئی اور آہستہ آہستہ وہ اپنی اوقات پر پھر اتر آیا۔ اب میں وہی پہلے کی طرح خون کے آنسو پینے لگی۔ میں پہلے بھی زہر کے گھونٹ پی کر اپنا حوصلہ کھو بیٹھی تھی اور آج بھی کچھ ایسا ہی ہوتا ہے۔ وہی حربے، وہی چڑچڑاپن اور وہی بے تکی حرکتیں استعمال کرنے لگا۔ جو میں پہلے بھی جھیل چکی تھی۔

مگر میں غلط تھی؟۔ مجھے اسے معاف نہیں کرنا چاہئے تھا۔

میرے دل و دماغ نے مجھ سے ان گنت سوال کئے۔ مجھے صحیح معنوں میں لگا تھا کہ وہ میری بے کیف ہوئی زندگی میں خوشیوں کی بہار لائے گا۔ اب اسے انسانوں کو پرکھنے اور جانچنے کا حوصلہ آ گیا ہوگا۔ اسی لئے شاید اس نے مجھے بلا شرط و شروط اور یقین دلا دلا کے دوبارہ اپنایا ہوگا۔


مگر نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟۔ وہ سدھر نہیں گیا تھا بلکہ پہلے سے زیادہ بُرا بن گیا تھا۔ بات بات پر چڑچڑاتا تھا۔ میں اس کی طرف دیکھ کر مُسکرانے لگتی تھی۔ تو وہ تیوریں چڑھا کر نظریں پھیر لیتا تھا۔ میں اس کے پاس آنے کی کوشش کرتی تھی۔ وہ دور بھاگتا تھا۔ میں جو بھی کام کرتی تھی۔ وہ اس میں کوئی نہ کوئی نقص نکال ہی لیتا تھا۔

پھر ایک دن ہوا کے ہلکے سے جھونکے کی طرح اس نے میرے لہراتے چمن کو ایسے اجھاڑا، ایسے اجھاڑا کہ میرا ویران چمن پھر کبھی ہرا نہ ہوا۔ اِس بار اُس نے مجھے گھر سے ہی نہیں بلکہ دل سے بھی نکال دیا۔

اس غم کی ایک لہر نے مجھے میرے ساتھ ہوئے وہ تمام گزرے حادثات، حالات اور واقعات سامنے لا کھڑا کئے اور میں نے سمجھ لیا کہ اب اسے سمجھانے، صلح کرنے یا معاف کرنے سے کوئی فائدہ نہیں۔ اس لئے میں نے اب طلاق کی عرضی عدالت میں پیش کی تاکہ میں اپنی مشکلیں کم کر کے کچھ سکون حاصل کر سکوں مگر یہاں بھی تاریخ پہ تاریخ مل رہی ہے۔ شاید سکون نام کی چیز میری قسمت میں ہی نہیں ہے اور یہ وہی بات ہوئی۔ بقول شاعر،

کار جہاں دراز ہے اب میرا انتظار کر۔

# آواز کی کہانی



نور شاہ

ریڈیو کے ایک پروگرام کے لئے میری کہانی کی ریکارڈنگ تھی اس لئے ریڈیو اسٹیشن جانا پڑا اس کام سے فارغ ہونے کے بعد شاہد نے کنٹین میں گرم گرم چائے پینے کی دعوت دی میں انکار نہ کر سکا۔ کنٹین جاتے جاتے کئی نئے پرانے چہرے دکھائی دیئے۔

"یہ ناز یہ ہے آپ کی فرمائش کا پروگرام پیش کرتی ہیں"

"ارے بھائی ان کی آواز سے کون واقف نہیں۔۔۔ جادوائی آواز ہے ان کی۔۔۔ اور پھر ان کا انداز بیان۔۔۔ بہت خوب۔۔۔

بہت بہتر۔۔۔ آپ سے مل کر خوشی ہوئی۔"

"شکریہ۔۔۔ جلدی میں ہوں اسٹوڈیو میں میرا انتظار ہو رہا ہے"

ابھی ہم دو ہی قدم آگے آئے تھے کہ ایک اور سندر سندر سا سراپا سامنے کھڑا ہو گیا۔

"شاہد کیا حال ہے۔ کنٹین جا رہے ہو۔"

"ہاں ہاں آپ بھی چلیئے نا۔۔۔ یہ فلک ہے فلک ملک۔۔۔ ان کی آواز سے بھی آپ واقف ہوں گے۔"

"کمال کرتے ہو۔ بخوبی واقف ہوں ان کی آواز سے۔۔۔ بہت میٹھاس ان کی آواز میں اور اگر یہ کہہ دوں کو جب بھی ان کی آواز سنتا ہوں تو لگتا ہے کہ کانوں میں جیسے قطرہ قطرہ شہد ٹپک رہا ہے اور پھر ان کا تلفظ۔۔۔ جملوں کی ادائیگی۔۔۔!"

شاہد نے میری بات کاٹتے ہوئے کہا۔۔۔ فلک چائے پیوگی ہمارے ساتھ۔۔۔

"اس وقت ممکن نہیں ہے پھر کبھی۔۔۔"

اب ہم کنٹین کے قریب پہنچ چکے تھے کہ ایک اور خوبصورت سا ہنستا مسکراتا سراپا آہستہ آہستہ قدموں سے چلتے ہوئے ہمارے سامنے کھڑا ہو گیا۔

"یہ ہے زلیخا۔"

"اچھا تو آپ ہی زلخا ہیں۔ جانتا ہوں زلیخا جی کو ان کی آواز کی بدولت۔۔۔ سنطور کی تہہ سے ابھرتی ہوئی آواز۔۔۔" "آپ ان کو بھی جانتے ہیں اور پہچانتے ہیں۔۔۔ شاہد نے پوچھا۔۔۔

جانتا اور پہچانتا بھی ہوں صورت سے نہ سہی لیکن ان کی آواز ہی میری پہچان کی بنیاد ہے۔ ان کی آواز کا شیدائی ہوں

آپ خواہ مخواہ مجھے شرمندہ کر رہے ہیں حالانکہ میں آپ کو بالکل نہیں جانتی اور میں آپ کی تعریف کے قابل بھی نہیں۔۔۔ کیونکہ مجھ میں ایسی کوئی قابلیت اور صلاحیت نہیں ہے"

زلیخا نے شرماتے ہوئے کہا۔۔۔

"نہیں مجھے کہنے دیجئے۔۔۔ شاہد جب بھی ان کی آواز۔۔۔ مدھر مدھر سی آواز میرے ریڈیو سیٹ سے ابھرتی ہے تو۔۔۔ تو۔۔۔ اب کیا کہوں اپنے آپ میں کھو جاتا ہوں۔"

"میں چلتی ہوں اور وہ میری پوری بات سنے بغیر ہی چلی گئی۔"

"آپ بھی کمال کرتے ہیں؟"۔

"کیا کمال۔۔"

"آپ کا کمال یہ ہے۔۔۔ بلکہ جادوائی کمال کہ زلیخا کو ٹیبل سے اٹھا کر مائک کے سامنے کھڑا کیا۔ دفتر سے اسٹوڈیو میں منتقل کیا اور ان کے تعلق سے کچھ نہ جانتے ہوئے بھی آواز کے شیدائی بن گئے۔"

"کیا مطلب۔۔؟"

"میرے بھائی کہانی کار دوست۔۔۔ زلیخا کا نہ تو پروگراموں سے کوئی تعلق ہے اور نہ ہی مائک سے۔۔۔ دفتر میں کام کرتی ہیں، قلم چلاتی ہیں اور فائلوں میں سر کھپاتی ہیں پھر بھی آپ ان کی آواز کے شیدائی ہیں۔۔۔ اب جانے بھی دیجئے بہت ہو چکا۔ کنٹین آ چکا ہے اور یہاں جانے کتنے اور چہرے نظر آئے گے جن کی آواز کے شیدائی بننے میں آپ کو دیر نہیں لگے گی۔ اس لئے خاموشی سے چائے پیتے ہیں اور آپ کی آواز کی کہانی کو کسی اور ریکارڈنگ کے لئے ذہن میں محفوظ کر لیتے ہیں۔۔۔!"

نوٹ: صفحہ ادب ہر جمعرات کو وادی کے معروف جواں سال ادیب سہیل سالم کی ادارت میں شائع ہوتا ہے۔ ان کے ساتھ salimsuhail3@gmail.com پر رابطہ قائم کیا جا سکتا ہے

